QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 194 بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ: 30 جنوری 2026ء۔۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) اعلامیہ کے مطابق مختلف گرڈ اسٹیشن اور ٹرانسمیشن لائنوں پر مرمتی کاموں اور برقی تنصیبات کی ضروری ٹیسٹنگ کئے جارہے ہیں۔اس سلسلے میں صحبت پور گرڈ اسٹیشن سے 31 جنوری کی صبح 8 بجے سے 2 فروری کی شام 6 بجے تک بجلی بند رہے گی۔اسکے علاوہ یکم فروری کو منجھوشوری گرڈ اسٹیشن سے صبح 9 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند ہوگی۔اس کے علاوہ یکم فروری کو (بروز اتوار) شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11kv پی اے ایف، گارڈن ٹاون، عمر، جبل نور، آریا ہسپتال، سی ٹی ایس، تکاتو، اغبر گ، خروٹ آباد، بلیلی، واپڈا ہسپتال، ایگریکلچر کالج فیڈروں سے صبح 10 بجے تا شام 4 بجے بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔تاہم کیسکو نے بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔

# # #